بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۱۳/۲۰۱۸ مورخہ۲۶/فروری ۲۰۲۰

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۷۹ منجانب میرزابدعلی ریکی۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۱/فروری ۲۰۲۰ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۷۹ منجانب میرزابدعلی ریکی، رکن اسمبلی برائے اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے

قرارداد۔

ہرگاہ کہ مستونگ تا کوئٹہ ائیر پورٹ اور کچلاک تا پشین شاہراہوں پر ہائی ٹریفک کی روانی کے باعث آئے روز رونما ہونیوالے حادثات کے نتیجے میں لوگوں کو مالی و جانی تقصانات اٹھانے پڑرہے ہیں اس لیے یہ ضروری ہے کہ مذکورہ شاہراہوں کو دورویہ کیا جائے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ مستونگ تا کوئٹہ ائیر پورٹ اور کچلاک تا پشین شاہراہوں کے دورویہ کرنے کو یقینی بنائے تا کہ آئے روز رونما ہونیوالے حادثات میں کسی حدتک کمی لانا ممکن ہو سکے۔

(سید صفدر حُسین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت میرزابدعلی ریکی رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ،(پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) وفاقی سیکرٹری مواصلات، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی پاکستان، اسلام آباد۔
۸) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۱) جنرل منیجر نیشنل ہائی وے اتھارٹی، بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۲) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔سندھ، کراچی۔خیبر پختونخوا، پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

شریک معتمد،(سوالات)